
# امن کے ہزار سال



12
امیزنگ فیکٹس
اسٹڈی گائیڈ



آپ یقین کر سکتے ہیں کہ ایک نا قابلِ یقین ہزار سالہ دَور (مِلینیم) آنے والا ہے — جو مسیح کی واپسی کے بعد شروع کیا جائے گا۔ اور شیطان نہیں چاہتا کہ آپ اُس کے بارے میں جانیں، اُس کی ہزار سالہ قید کی سزا، کیونکہ یہ اُس کی حقیقی خصلت کو ظاہر کرتا ہے۔ در حقیقت، شیطان نے ہزار سالہ دَور کے بارے محض آپ کو دھوکہ دینے کے لیے ایک جعلی پیغام گھڑ لیا ہے! یہ ایک حیرت انگیز، دل چسپ سنسنی خیز مطالعہ ہے جو آپ کی ہر ایک سُنی ہوئی چیز کو ہلا کر رکھ دے گا۔ لیکن اَب آپ جلد ہی آنے والے ایک 1000 سالہ دَور کے بارے میں بائبل مقدّس کی حیرت انگیز سچائیوں کو جان سکتے ہیں!



## 1 اِس ہزار (1000) سالہ دَور کے آغاز میں کون سا واقعہ رُونما ہوتا ہے؟

"وہ زِندہ ہو کر ہزار برس تک مسیح کے ساتھ بادشاہی کرتے رہے" (مکاشفہ 4:20)۔ (موت کے موضوع پر مزید معلومات کے لئے، مطالعاتی کتابچہ نمبر 10 دیکھیں۔)

**جواب:** 1000 سالہ دَور کی مدت مرُدوں کی قیامت کے بعد شروع ہوتی ہے۔

## 2 اِس قیامت کو کیا کہا جاتا ہے؟ اُس میں کون زِندہ کیے جائیں گے؟


"پہلی قِیامت یِہی ہے۔ مُبارک اور مقدّس وہ ہے جو پہلی قِیامت میں شرِیک ہو" (مکاشفہ 5:20، 6)۔

**جواب:** یہ پہلی قیامت کہلاتی ہے. اِس میں ہر زمانہ کے نجات یافتہ "مُبارک اور مقدّس" لوگوں کو زندہ کیا جائے گا۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved

## 3 بائبل مقدّس فرماتی ہے وہاں دو قیامتیں ہیں۔ دوسری قیامت کب ہو گی، اور اُس میں کون زِندہ کیے جائیں گے؟

"اور جب تک یہ ہزار برس پُورے نہ ہو لئے باقی مرُدے زِندہ نہ ہُوئے" (مکاشفہ 5:20)۔ "اِس سے تعجُّب نہ کرو کیونکہ وہ وقت آتا ہے کہ جِتنے قبروں میں ہیں اُس کی آواز سُن کر نکلیں گے۔ جِنھوں نے نیکی کی ہے زِندگی کی قیامت کے واسطے اور جِنھوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے" (یوحنا 5:28،29)۔



**جواب:** دُوسری قیامت ہزار سالہ مدت کے اختتام پر واقع ہو گی۔ اُس قیامت میں غیر نِجات یافتہ لوگوں کو زِندہ کیا جائے گا۔ اُسے سزا کی قیامت کہا جاتا ہے۔


براہ کرم ملاحظہ فرمائیں۔ نجات یافتہ لوگوں کی قیامت 1،000 سالہ زمانہ کے آغاز پر ہوتی ہے۔ جبکہ غیر نِجات یافتہ لوگوں کی قیامت 1،000 سالہ زمانہ کے بعد ہوتی ہے۔



## 4 ایک ہزار سالہ زمانہ کے آغاز پر کونسے دوسرے اہم واقعات رُونما ہوں ہوتے ہیں؟

"دیکھو وہ بادلوں کے ساتھ آنے والا ہے اور ہر ایک آنکھ اُسے دیکھے گی" (مکاشفہ 7:1)۔ "کیونکہ خُداوند خُود آسمان سے للکار اور مقرّب فرِشتہ کی آواز اور خُدا کے نرسنگے کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں موئے جی اُٹھیں گے۔ پِھر ہم جو زِندہ باقی ہوں گے اُن کے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے تاکہ ہوا میں خُداوند کا اِستقبال کریں اور اِس طرح ہمیشہ خُداوند کے ساتھ رہیں گے" (1۔ تھسلنیکیوں 4:16،17)۔ "اور ایک اَیسا بڑا بَھونچال آیا کہ جب سے اِنسان زمین پر پَیدا ہُوئے اَیسا بڑا اور سخت بَھونچال کبھی نہ آیا تھا۔ اور آسمان پر آدمیوں پر من من بھر کے بڑے بڑے اولے گرے اور چونکہ یہ آفت نہایت سخت تھی" (مکاشفہ 16:18،21)۔ (یرمیاہ 4:23-26؛ اور یسعیاہ 24:1،3،19،20؛ یسعیاہ 2:21 بھی ملاحظہ کریں۔) اسکالرز کے اندازے کے مطابق ایک من کا اولہ 58 سے 100 پاؤنڈ تک ہوتا ہے!

**جواب:** اور دیگر اہم واقعات جو ہزار سالہ دور کے آغاز ہی میں پیش آتے ہیں درج ذیل ہیں: تاریخ کا سب سے تباہ کن زلزلہ اور آسمان سے زمین پر اولے گرتے ہیں؛ یسُوع اپنے لوگوں کو لینے کے لئے بادلوں پر آتا ہے، اور تمام مقدّسین ہوا میں اُڑ کر یسُوع کا استقبال کرتے ہیں۔ (مسیح کی آمد ثانی سے متعلق مزید معلومات کے لئے مطالعاتی کتابچہ نمبر 8 کا ضرور مطالعہ کریں۔)



## 5 یسُوع کی آمدِ ثانی پر غیر نِجات یافتہ — زِندہ اور مردہ لوگوں کے ساتھ کیا ہو گا؟


"اپنے لبوں کے دَم سے شرِیروں کو فنا کر ڈالے گا" (یسعیاہ 4:11)۔ "جب خُداوند یِسُوعؔ اپنے قوی فرِشتوں کے ساتھ بھڑکتی ہُوئی آگ میں آسمان سے ظاہِر ہو گا۔ اور جو خُدا کو نہیں پہچانتے اور ہمارے خُداوند یِسُوعؔ کی خُوشخبری کو نہیں مانتے اُن سے بدلہ لے گا۔" (2۔ تھسلنیکیوں 1:7-8)۔ "ویسے ہی شریر خُدا کے حضُور فنا ہو جائیں" (زبور 2:68)۔
"اور جب تک یہ ہزار برس پُورے نہ ہو لئے باقی مُردے زِندہ نہ ہُوئے" (مکاشفہ 5:20)۔

**جواب:** غیر نجات یافتہ دوسری آمد پر مسیح کی موجودگی سے فنا ہو جائیں گے۔ جب ایک فرشتہ یسُوع کی قبر پر حاضر ہوا تو، اور اُس کے ڈر سے نگہبان کانپ اُٹھے اور مرُدہ سے ہو گئے۔ (متی 2:28،4)۔ جب تمام فرشتوں کی چمک، خُدا باپ اور خُدا بیٹا اکٹھے ہو جائیں گے، تو غیر نِجات یافتہ لوگ ایسے مر جائیں گے جیسے اُن پر بجلی گرتی ہے۔ وہ بدکار جو پہلے ہی مردہ ہیں، جب یسُوع آئے گا وہ اپنی قبروں میں رہیں گے، جب تک کہ 1000 برس پورے نہیں ہو جاتے۔

## 6 بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ غیر نجات یافتہ لوگوں کو ہزار سالہ دَور کے دوران توبہ کرنے کا موقع ملے گا۔ بائبل مقدّس اِس کے بارے میں کیا فرماتی ہے؟

"اور خُداوند کے مقتول اُس روز زمین کے ایک سرِے سے دُوسرے سرِے تک پڑے ہوں گے اُن پر کوئی نَوحہ نہ کرے گا۔ نہ وہ جمع کئے جائیں گے نہ دفن ہوں گے وہ کھاد کی طرح رُویِ زمین پر پڑے رہیں گے" (یرمیاہ 33:25)۔
"میں نے نظر کی اور کیا دیکھتا ہُوں کہ کوئی آدمی نہیں اور سب ہوائی پرندے اُڑ گئے" (یرمیاہ 25:4)۔

**جواب:** ایک ہزار سال کے دوران کسی بھی شخص کے لئے توبہ کرنا ناممکن ہو گا کیونکہ زمین پر کوئی شخص زندہ نہیں ہو گا۔ راستباز سب آسمان میں ہوں گے۔ تمام بدکار زمین پر مردہ پڑے ہوں گے۔ مکاشفہ 12،11:22 یہ واضح کرتا ہے کہ ہر شخص کا معاملہ یسُوع کی واپسی سے پہلے ہی فیصل کر دیا گیا ہوتا ہے۔ جو لوگ ایک ہزار سال شروع ہونے تک مسیح کو قبول کرنے کا انتظار کرتے ہیں وہ بہت لمبا انتظار کر چکے ہوں گے۔


بدکار ایک ہزار برس کے دوران زمین پر مردہ پڑے رہیں گے۔


راستباز 1000 برسوں کے دوران یسُوع کے ساتھ آسمان میں ہوں گے۔

## 7 بائبل مقدّس فرماتی ہے کہ شیطان کو ایک ہزار سال کے دوران "اتھاہ گڑھے" میں باندھ دیا جائے گا۔ یہ اتھاہ گڑھا کیا ہے؟

"پِھر مَیں نے ایک فرِشتہ کو آسمان سے اُترتے دیکھا جِس کے ہاتھ میں اتھاہ گڑھے کی کُنجی اور ایک بڑی زنجیر تھی۔ اُس نے اُس اژدہا یعنی پُرانے سانپ کو جو اِبلیس اور شَیطان ہے پکڑ کر ہزار برس کے لئِے باندھا۔ اور اُسے اتھاہ گڑھے میں ڈال کر بند کر دِیا اور اُس پر مُہر کر دی تاکہ وہ ہزار برس کے پُورے ہونے تک قَوموں کو پِھر گمراہ نہ کرے" (مکاشفہ 20:1-3)۔



**جواب:** دراصل یونانی زبان میں "اتھاہ گڑھا" "bottomless pit" کے اصلی عبرانی زبان میں "عبوسوس" "abussos" یا عبیس abyss کہا گیا ہے اور یہی لفظ کو پیدائش 2:1 میں استعمال کیا گیا ہے، اور زمین وِیران اور سُنسان تھی اور گہراؤ کے اُوپر اندھیرا تھا۔ " یہاں "گہرے" "بے بنیاد گڑھے، "اور "کھائی" کے الفاظ ایک ہی چیز کا حوالہ دیتے ہیں۔ اِس سے پیشتر کے خُدا اِس زمین کو بناتا یہ بالکل ویران اور سُنسان تھی۔ اِس سے پہلے کہ خُدا اِس کا حکم دے۔ یرمیاہ نے، 1،000 سالوں کے دوران اس زمین کو بیان کرتے ہوئے، عملی طور پر وہی اصطلاحات استعمال کی ہیں جو (پیدائش 2:1) میں ہیں: "ویران اور سُنسان "نہ کوئی روشنی" "کوئی آدمی نہیں، "اور "سیاہ" (یرمیاہ 4:23،25،28)۔ لٰہذا 1،000 سالوں کے دوران غیر آباد، تاریک زمین کو سنسان، یا اتھاہ گڑھا کہا جائے گا، بالکل اِسی طرح کہ جب تخلیق مکمل ہونے سے پہلے اُس کے شروع میں تھا۔ نیز، یسعیاہ 22:24 ایک ہزار 1،000 سال کے دوران شیطان اور اُس کے فرشتوں کے بارے میں بولتا ہے جہاں سب کو "گڑھے میں ڈالا" جاتا ہے "اور قید میں بند کر دیا جاتا ہے۔"

## 8 وہ کون سی زنجیر ہے جو شیطان کو باندھتی ہے؟ اور وہ کیوں باندھا جاتا ہے؟


"ایک فرشتہ... جس کے ہاتھ میں ایک بڑی زنجیر تھی... ابلیس اور شیطان ہے پکڑ کر ہزار برس کے لئے باندھا... اور اُس پر مہر کر دی۔ تاکہ وہ ہزار برس کے پورے ہونے تک قوموں کو پھر گمراہ نہ کرے" (مکاشفہ 20:1-3)۔



**جواب:** یہ زنجیر علامتی زنجیر ہے—— حالات کی زنجیر ہے۔ کسی مافوق الفطرت وجود کو لغوی زنجیر میں محدود نہیں کیا جا سکتا۔ شیطان کو "باندھ دیا گیا ہے" کیوں وہاں اُس کے پاس دھوکہ دینے کے لئے کوئی آدمی نہیں ہے۔ تمام غیر نجات یافتہ لوگ مر چکے ہیں اور نجات پانے والے سب آسمان میں ہیں۔ خُداوند شیطان کو اِس زمین پر محدود کرتا ہے لہذا وہ کائنات میں گھوم نہیں سکتا اِس اُمید کے ساتھ کہ اُسے دھوکا دینے کے لیے کوئی ملے۔ شیطان کو زمین پر ایک ہزار سال تک اپنے شیاطین حواریوں کے ساتھ تنہا رہنے پر مجبور کرنا تاکہ وہ پھر کسی کو دھوکہ نہ دے سکے، اُس کے لیے اب تک کی سب سے زیادہ تلخ زنجیر ہو گی۔

## 1،000 ہزار سال کے آغاز میں ہونے والے واقعات:

(الف)۔ ایک تباہ کن زلزلہ اور اولوں کا طوفان (مکاشفہ 16:18-21)۔
(ب)۔ اپنے مقدّسوں کے لئے یسُوع کی آمدِ ثانی (متی 24:30،31)۔
(ج)۔ راست باز مردوں کو زندہ کیا گیا (1۔ تھسلنیکیوں 4:16)۔
(د)۔ نجات یافتہ کو ابدیت بخشی جائے گی (1۔ کرنتھیوں 15:51-55)۔
(ہ)۔ نِجات یافتہ لوگوں کو یسُوع جیسے بدن عطا ہونگے (1۔ یوحنا 3:2؛ فلپیوں 3:20،21)۔
(و)۔ سب راستباز بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے (1۔ تھسلنیکیوں 4:17)۔
(ح.)۔ زندہ بدکار خُداوند کے مُنہ کی پھونک سے ہلاک ہونگے (یسعیاہ 11:4)۔
(ت)۔ ناراست مرُدے ایک ہزار سال کے پورے ہونے تک قبروں میں رہیں گے (مکاشفہ 20:5)۔
(ی)۔ راستبازوں یسُوع راست بازوں کو آسمان میں لے جاتا ہے (یوحنا 13:33،36؛ 14:2،3)۔
(ک)۔ شیطان باندھ دیا جائے گا (مکاشفہ 20:1-3)۔



زمین، تباہ شدہ، تاریک حالت میں، وہ "اتھاہ گڑھا ہے" جہاں شیطان
کو ایک ہزار 1،000 سال کے دوران رہنے پر مجبور کیا جائے گا۔

## 9 (مکاشفہ 20:4) کا کہنا ہے کہ 1،000 سال کے دوران آسمان میں عدالت شروع ہوگی۔ یہ عدالت کیوں ہوگی؟ کون شرکت کرے گا؟

"پھر میں نے تخت دیکھے اور لوگ اُن پر بیٹھ گئے اور عدالت اُن کے سپُرد کی گئی ... اور وہ زندہ ہو کر ہزار برس تک مسیح کے ساتھ بادشاہی کرتے رہے" (مکاشفہ 20:4)۔ "کیا تم نہیں جانتے کہ مقدّس لوگ دُنیا کا اَنصاف کریں گے؟ ... کیا تم نہیں جانتے کہ ہم فرشتوں کا اِنصاف کریں گے؟" (1۔ کرنتھیوں 6:2،3)۔



**جواب:** تمام زمانوں (اور شاید اچھے فرشتے بھی) سے نجات پانے والے 1،000 برسوں کے دوران عدالت میں حصّہ لیں گے۔ شیطان اور اُس کے فرشتوں سمیت کھوئے ہوئے تمام لوگوں کے مقدمات کا جائزہ لیا جائے گا۔ یہ عدالت نِجات یافتہ لوگوں کے اُن تمام سوالات کو صاف کر دے گی جو کھوئے ہوئے لوگوں کے بارے میں ہو سکتے ہیں۔ آخر میں، سب دیکھیں گے کہ لوگ صرف اُسی صورت میں آسمان سے باہر ہیں جب وہ واقعی یسُوع کی طرح زندگی گزارنا یا اُس کے ساتھ رہنا نہیں چاہتے تھے۔

ہزار 1،000 سالوں کے دُوران رُونما ہونے والے واقعات:

(الف)۔ من من کے اولوں اور تباہ کن زلزلے کی وجہ سے زمین بوسیدہ حالت میں تھی (مکاشفہ 16:18-21)۔

(ب)۔ "میں نے زمین پر نظر کی اور کیا دیکھتا ہُوں کہ وِیران اور سُنسان ہے۔ افلاک کو بھی بے نُور پایا۔ زمین ویران، ایک "اتھاہ گڑھا" تھی" (رمیاہ 4:23،28)۔

(ج)۔ شیطان کو بند کیا گیا اور زمین پر رہنے پر مجبور کیا گیا (مکاشفہ 20:1-3)۔

(د)۔ جنت میں راستباز آسمانی عدالت میں شریک ہوتے ہیں (مکاشفہ 20:4)۔

(ہ)۔ ، تمام بدکار مر چکے ہیں (یرمیاہ 4:25؛ یسعیاہ 11:4)۔

1،000 سالوں کے دوران، ہر ایک رُوح جو کبھی زمین پر رہی ہو گی وہ دو جگہوں میں سے ایک طرف ہو گی:

(1) زمین پر، مردہ یا کھوئے ہوئے لوگوں کے ساتھ (2) یا آسمان پر عدالت میں حصّہ لینے والے، ایمانداروں کے ساتھ۔

خُداوند آپ کو آسمان میں رہنے کی دعوت دیتا ہے، براہ کرم اِس کی دعوت قبول کریں!

## 10 1،000 ہزار سالہ زمانہ کے اختتام پر، مقدّس شہر، نیا یروشلم، آسمان سے اِس زمین پر اُترے گا اور کون اُس کے ساتھ آئے گا؟ کہاں پر آباد ہو گا؟

"پھر میں نے شہرِ مقدّس نئے یروشلیم کو آسمان پر سے خُدا کے پاس سے اُترتے دیکھا۔۔۔ پھر میں نے تخت میں سے کسی کو بُلند آواز سے یہ کہتے سُنا کہ دیکھ خُدا کا خیمہ آدمیوں کے درمیان ہے" (مکاشفہ 21:2،3)۔ "دیکھ خُداوند کا دِن آتا ہے۔۔۔ اور اُس روز وہ کوہِ زیتُون پر جو یروشلیِم کے مشرِق میں واقع ہے کھڑا ہو گا اور کوہِ زیتُون بیچ سے پھٹ جائے گا۔۔۔ کیونکہ خُداوند میرا خُدا آئے گا اور سب قُدسی تیرے ساتھ۔۔۔ اور یروشلیِم کے جنُوب میں تمام ملک جبع سے رِمّون تک میدان کی مانِند ہو جائے گا" (زکریاہ 14:1،4،5،10)۔

**جواب:** نیا یروشلم وہاں آباد ہو گا جہاں زیتون کا پہاڑ اَب کھڑا ہے۔ اُس پہاڑ کو ہموار کر کے ایک میدان بنا دیا جائے گا، جس پر شہر ٹھہر جائے گا۔ تمام زمانوں کے راست باز لوگ وہاں بسیں گے۔ (زکریاہ 14:5)، آسمان کے فرشتے (متی 25:31)، خُدا باپ (مکاشفہ 21:2،3)، اور خُدا کا بیٹا (متی 25:31) یسوعؔ شہر مقدّس کے ساتھ واپس آئے گا یسُوع کی تیسری خصوصی آمد ہو گی۔ دوسری آمد اُس کے مقدّسوں کے لئے ہو گی، جبکہ تیسری آمد اُس کے مقدّسین کے ساتھ ہو گی۔

یسُوع کے تین ظہور:











## 11 اِس وقت بدکار مردہ لوگوں کا کیا ہوگا؟ اُس کا شیطان پر کیا اثر پڑے گا؟

"جب تک یہ ہزار برس پورے نہ ہو لئے باقی مردے زندہ نہ ہوئے"۔ . . . جب ہزار برس پورے ہو چکیں گے تو شیطان قید سے چھوڑ دیا جائے گا تاکہ قوموں کو گمراہ نہ کرے" (مکاشفہ 20:5،7،8)۔

**جواب:** 1،000 سال کے اختتام پر (جب یسُوع تیسری بار آتا ہے)، بدکاروں کو زِندہ کیا جائے گا۔ شیطان کو قید سے چھوڑ دیا جائے گا، تب لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے (دُنیا کی تمام قوموں سے) زمین بھری ہوگی۔

## 12 تب شیطان کیا کرے گا؟

"اور جب ہزار برس پُورے ہو چُکیں گے تو شیطان قَید سے چھوڑ دِیا جائے گا۔ اور اُن قَوموں کو جو زمین کی چاروں طرف ہوں گی یعنی جوج وماجوج کو گمراہ کر کے لڑائی کے لئے جمع کرنے کو نکلے گا۔ اُن کا شُمار سمندر کی ریت کے برابر ہوگا۔ اور وہ تمام زمین پر پَھیل جائیں گی اور مقدّسوں کی لشکر گاہ اور عزِیز شہر کو چاروں طرف سے گھیر لیں گی" (مکاشفہ 20:7-9)۔



**جواب:** شیطان اپنی اصلی فطرت کے مطابق ہے، فوراً ہی زمین پر رہ جانے والے لوگوں کے ساتھ جھوٹ بولنے لگے گا) شیطان کی اصلیت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے مطالعاتی کتابچہ 2 ملاحظہ فرمائیں۔) وہ یہ دعوی کر سکتا ہے کہ واقعی یہ شہر اُس کا ہے، کہ اُسے آسمانی بادشاہی سے ناجائز طور پر معزول کر دیا گیا، کہ خُدا اقتدار کا بھوکا اور بے رحم ہے۔ وہ اُنہیں قائل کرے گا کہ اگر وہ متحد ہو جائیں تو خُدا کے پاس کوئی موقع نہیں ہے۔ ایک شہر کے خلاف پوری دُنیا کے ساتھ، ان کی فتح یقینی دکھائی دے گی۔ اُس کے بعد اقوام متحد ہو جائیں گی اور نئے یروشلم کو گھیرے میں لینے کے لیے اپنی فوجیں تیار کریں گی۔



## 13 شہر پر قبضہ کرنے یا اُسے تباہ کرنے کے شیطان کے منصوبے میں کیا رکاوٹ پیدا ہو گی؟

"اور آسمان پر سے آگ نازِل ہو کر اُنہیں کھا جائے گی۔ اور اُن کا گمراہ کرنے والا ابلیس آگ اور گندھک کی اُس جھیل میں ڈالا جائے گا جہاں وہ حَیوان اور جھُوٹا نبی بھی ہو گا اور وہ رات دِن ابدُالآباد عذاب میں رہیں گے۔ آخری عدالت . . . آگ اور گندھک سے جلنے والی جھیل میں ہو گا یہ دوسری موت ہے۔" (مکاشفہ 9:20، 10؛ 8:21)۔ "اور تم شریروں کو پایمال کرو گے کیونکہ اُس روز وہ تُمہارے پاؤں تلے کی راکھ ہوں گے ربُّ الافواج فرماتا ہے" (ملاکی 3:4)۔

**جواب:** آگ اچانک آسمان سے (دوزخ سے نہیں، جیسا کہ بہت لوگوں کا اعتقاد ہے) بدکاروں پر نازل ہو گی اور شیطان اور اُس کے فرشتوں سمیت سب کو جلا کر راکھ کر دے گی" (متی 41:25)۔ گناہ اور گنہگاروں کو ختم کرنے والی یہ آگ دُوسری موت کہلاتی ہے۔ اِس موت سے کوئی قیامت نہیں ہو گی۔ یہ حتمی ہے۔ غور کریں کہ برائی کا بانی شیطان وہاں آگ کی دیکھ بھال نہیں کرے گا، جیسا کہ عام خیال کیا جاتا ہے۔ وہ اُس کے اندر ہو گا اور آگ اُس کے وجود کو بھسم کر دے گی۔ (اُس آگ سے متعلق مکمل معلومات کے لئے،، جسے کبھی کبھار دوزخ کہا جاتا ہے، مطالعاتی گائیڈ نمبر 11 ملاحظہ کریں۔ موت سے متعلق معلومات کے لئے، مطالعاتی کتابچہ نمبر 10 ملاحظہ کریں۔)



## 14 جب شریروں کو جلا دیا جائے گا اور آگ بُجھ جائے گی، اس کے بعد کونسا، سنسنی خیز واقعہ پیش آئے گا؟

"کیونکہ دیکھو میں نئے آسمان اور نئی زمین کو پیدا کرتا ہوں" (یسعیاہ 17:65)۔ "نئے آسمان اور نئی زمین کا انتظار کرتے ہیں جن میں راست بازی بسی رہے گی" (2۔ پطرس 13:3)۔ "جو تخت پر بیٹھا ہوا تھا اس نے کہا دیکھ میں سب چیزوں کو نیا بنا دیتا ہوں" (مکاشفہ 5:21)۔ "دیکھ خُدا کا خیمہ آدمیوں کے درمیان ہے اور وہ اُن کے ساتھ سکُونت کرے گا اور وہ اُس کے لوگ ہوں گے اور خُدا آپ اُن کے ساتھ رہے گا اور اُن کا خُدا ہو گا" (مکاشفہ 3:21)۔

**جواب:** خُدا نیا آسمان اور ایک نئی زمین پیدا کرے گا۔ نیا یروشلم نئی بنائی ہوئی زمین کا دارالحکومت ہو گا۔ گناہ اور اُس کی بدصورتی ہمیشہ کے لیے نابود ہو جائے گی۔ خُدا کے لوگ بالآخر وہ بادشاہی حاصل کریں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا گیا تھا۔ "وہ خُوشی اور شادمانی حاصل کریں گے اور غم و اندوہ کافُور ہو جائیں گے" (یسعیاہ 10:35)۔ یہ بیان کرنے کے لئے صرف بہت ہی حیرت انگیز ہے اور یاد کرنے کے لئے بہت ہی عمدہ! خُدا نے آپ کے لئے ایک جگہ تیار کی ہے۔" (یوحنا 14:1-3)۔ اُس میں رہنے کا منصوبہ بنائیں۔۔ یسُوع آپ کی رضامندی کا انتظار کر رہا ہے۔ (جنت سے متعلق مکمل معلومات کے لیے، مطالعاتی گائیڈ نمبر 4 دیکھیں۔)

## 1,000 سالہ دور کے اختتام پر رُونما ہونے والے واقعات:

(الف)۔ اپنے مقدّسوں کے ساتھ یسُوع کی تیسری آمد (زکریاہ 14:5)۔

(ب)۔ مقدّس شہر کوہِ زیتون کے پہاڑ پر آباد ہوگا، جو ایک بڑا میدان بن جاتا ہے (زکریاہ 14:4، 10)۔

(ج)۔ باپ، اُس کے فرشتے اور تمام راست باز لوگ یسُوع کے ساتھ آتے ہیں (مکاشفہ 21:1-3؛ متی 25:31؛ زکریاہ 14:5)۔

(د)۔ شریر مردوں کو زندہ کیا جاتا ہے۔ اور شیطان کو آزاد کیا جاتا ہے (مکاشفہ 20:5، 7)۔

(ھ)۔ شیطان پوری دُنیا کو دھوکہ دیتا ہے (مکاشفہ 20:8)۔

(و)۔ شریر مقدّس شہر کو چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں (مکاشفہ 20:9)۔

(ز)۔ شریروں کو آگ سے تباہ کیا جاتا ہے (مکاشفہ 20:9)۔

(ح)۔ نئے آسمان اور زمین کو پیدا کیا جاتا ہے (یسعیاہ 65:17؛ 2۔پطرس 3:13؛ مکاشفہ 21:1)۔

(ت)۔ خُدا کے لوگ نئے آسمان اور زمین نئی زمین پر خُدا کے ساتھ ابد تک خوش و خُرم رہیں گے (مکاشفہ 21:2-4)۔



## 15

## کیا ہم جان سکتے ہیں کہ یہ تمام اہم واقعات کب رونما ہوں گے ؟

"اِسی طرح جب تُم اِن سب باتوں کو دیکھو تو جان لو کہ وہ نزدِیک بلکہ دروازہ پر ہے" (متی 33:24)۔ "اور جب یہ باتیں ہونے لگیں تو سیدھے ہو کر سر اُوپر اُٹھانا اِس لئے کہ تُمہاری مَخلصی نزدِیک ہو گی" (لوقا 28:21)۔ "کیونکہ خُداوند اپنے کلام کو تمام اور منقطع کر کے اُس کے مطابِق زمین پر عمل کرے گا" (رومیوں 28:9)۔ "جِس وقت لوگ کہتے ہوں گے کہ سلامتی اور اَمن ہے اُس وقت اُن پر اِس طرح ناگہاں ہلاکت آئے گی جِس طرح حامِلہ کو درد لگتے ہیں اور وہ ہرگز نہ بچیں گے" (1۔ تھسلنیکیوں 3:5)۔



**جواب:** یسُوع نے کہا جب اُس کے آنے کی نشانیاں تیزی سے پوری ہو رہی ہیں، جیسا کہ وہ آج ہیں، ہمیں خوشی منانی چاہئے اور جان لینا چاہئے کہ اِس گناہ کا دُنیا سے خاتمہ قریب ہے یہاں تک کہ اِس کا اختتام انتہائی درجہ پر ہے۔ اور پولُس رسُول نے کہا کہ ہم جان سکتے ہیں کہ جب انجام قریب ہے جب دُنیا میں امن کے لئے ایک بہت بڑی تحریک چل رہی ہو گی۔ آخر میں، بائبل مقدّس کہتی ہے۔ "کیونکہ خُداوند اپنے کلام کو تمام اور مُنقطع کر کے اُس کے مطابِق زمین پر عمل کرے گا" (رومیوں 28:9)۔ چنانچہ بغیر کسی شک وشبہ کے، ہم ادھار لیے ہوئے وقت پر جی رہے ہیں۔۔ خُداوند اچانک اور غیر متوقع طور پر پہنچے گا۔ لیکن صرف خُدا باپ کے علم ہے۔ (متی 36:24؛ اعمال 7:1)۔ لہذا ہماری حفاظت اسی میں ہے کہ ہم پہلی فرصت میں اُس دن کے لئے تیار رہیں۔

## 16

## یسُوع، جو آپ سے بہت پیار کرتا ہے، اُس نے اپنی لازوال بادشاہی میں آپ کے لئے ایک جگہ تیار کی ہے۔ کیا آپ اُس شاندار گھر میں رہنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں جو آپ کے لیے یسُوع نے خود تعمیر کیا ہے ؟



آپ کا جواب:

# آپ کے سوالات کے جوابات

## 1۔ مقدّس شہر کے آسمان سے اُترنے کے دن سے لے کر آسمان کی آگ سے شریروں کے تباہ ہونے تک کتنا عرصہ ہو گا؟

**جواب:** بائبل مقدّس بیان کرتی ہے کہ یہ "تھوڑی دیر" میں ہو گا (مکاشفہ 3:20)۔ شیطان کے لیے کافی وقت درکار ہو گا کہ وہ لوگوں کو اپنے منصوبے پر عمل کرنے اور جنگی ہتھیار تیار کرنے پر آمادہ کرے۔ وقت کی صحیح مُدت کلام پاک میں ظاہر نہیں کی گئی ہے۔

## 2۔ خُدا کی نئی بادشاہی میں لوگوں کے جسم کس طرح کے ہوں گے؟

**جواب:** بائبل مقدّس فرماتی ہے کہ نجات پانے والوں کے جسم یسُوع کے جلال کے بدن کی صورت میں ہوں گے۔ (فلپیوں 3:20، 21)۔ جی اُٹھنے کے بعد یسُوع کا بدن گوشت اور ہڈی کا ایک حقیقی جسم تھا۔ (لوقا 24:36-43)۔ نجات یافتہ لوگ رُوحیں نہیں ہوں گے، وہ حقیقی لوگ ہوں گے، بالکل اُسی طرح جیسے آدم اور حوا کے حقیقی جسم تھے۔

## 3۔ کیا بائبل مقدّس فرماتی ہے کہ غیر نجات یافتہ لوگوں کا یسُوع کی دوسری آمد پر کیا ردِ عمل ہو گا؟


**جواب:** ہاں۔ بائبل کہتی ہے کہ وہ چلائیں گے۔ "اور پہاڑوں اور چٹانوں سے کہنے لگے کہ ہم پر گر پڑو اور ہمیں اُس کی نظر سے جو تخت پر بیٹھا ہُوا ہے اور برّہ کے غضب سے چھپا لو۔ کیونکہ اُن کے غضب کا روزِ عظیم آ پہنچا۔ اب کَون ٹھہر سکتا ہے؟" (مکاشفہ 6:16، 17)۔ (اور 14، 15 آیات بھی ملاحظہ کریں)۔ دُوسری طرف، نیک لوگ کہیں گے، "اور اُس وقت یُوں کہا جائے گا لو یہ ہمارا خُدا ہے۔ ہم اُس کی راہ تکتے تھے اور وُہی ہم کو بچائے گا۔ یہ خُداوند ہے۔ ہم اُس کے اِنتظار میں تھے۔ ہم اُس کی نجات سے خُوش و خُرّم ہوں گے" (یسعیاہ 25:9)۔

## 4۔ کیا بدکار ایسے راست باز لوگوں کو دیکھ سکیں گے جو نئے یروشلم کے اندر ہیں؟

**جواب:** ہم یقین کے ساتھ نہیں جانتے، لیکن بائبل کہتی ہے کہ شہر کی دیوار دیکھنے کی قسم ہو گی جو انتہائی صاف اور شفاف ہو گی۔ (مکاشفہ 21:11، 18)۔ کچھ یقین کرتے ہیں کہ زبور 37:34 اور لوقا 13:28 تجویز کریں کہ نجات یافتہ اور غیر نجات ایک دوسرے کو دیکھ سکیں گے۔

## 5۔ بائبل مقدّس بیان کرتی ہے "اور وہ اُن کی آنکھوں کے سب آنسُو پونچھ دے گا۔ اِس کے بعد نہ موت رہے گی اور نہ ماتم رہے گا۔ نہ آہ و نالہ نہ درد۔ پہلی چیزیں جاتی رہیں۔۔ یہ کب ہو گا؟

**جواب:** "جواب: مکاشفہ 21:1-4 اور یسعیاہ 65:17 سے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زمین کو گناہ سے پاک کرنے کے بعد ایسا ہو گا۔ آخری عدالت اور آگ کے ذریعہ گناہ کے خاتمے کے دوران، خُدا کے لوگوں کے پاس گہرے رنج کی بہت سی وجوہات ہوں گی۔ جیسا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ رشتہ دار اور دوست کھو گئے ہیں اور وہ لوگ جن سے وہ پیار کرتے تھے آگ میں تباہ ہو رہے ہیں، بلاشبہ غم آنسو اور دل کا درد لائے گا۔ لیکن آگ کے بجھ جانے کے بعد خُداوند اُن کے آنسو پونچھ دے گا۔ پھر وہ اپنے لوگوں کے لئے نیا آسمان اور ایک نئی زمین پیدا کرے گا، جو ان کو ناقابل بیان خوشی اور اطمینان فراہم کرے گا۔ اور غم، اداسی، رونا، اور دل کی تکلیف ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔ (راست باز لوگوں کے آسمانی گھر کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، مطالعاتی کتابچہ نمبر 4 دیکھیں)۔



## 6۔ شریر فرشتوں اور لوگوں کی تباہی کا خُدا باپ اور اس کے بیٹے پر کیا اثر پڑے گا؟

**جواب:** بلاشبہ وہ راحت اور خوش ہوں گے کہ گناہ کا بد صورت کینسر ہمیشہ کے لیے ختم ہو گیا ہے اور کائنات ہمیشہ کے لیے محفوظ ہے۔ سا کہ یقینی ہے، وہ اِس حقیقت پر بھی گہرے رنجیدہ ہوں گے کہ اُن میں سے بہت سے لوگوں کو وہ پسند کرتے ہیں۔ اور جس کے لئے یسُوع نے اپنی عظیم قربانی پیش کی تھی وہ گناہ سے چمٹے رہنے اور نجات کو مسترد کرنے کا انتخاب کیا۔۔ شیطان خود بھی کبھی اُن کا دوست تھا، اور آگ میں متعدد افرادا کبھی اُن کے پیارے بچے تھے۔ یہ آپ کے اپنے ہی ایک گمراہ بچے کو مارتے دیکھ کر اذیت کی طرح ہو گا۔ ابتداء سے ہی باپ اور بیٹے دونوں پر گناہ ایک بہت بڑا بوجھ رہا ہے۔ اُن کا مقصد لوگوں سے محبّت کرنا اور اُنہیں آہستہ سے نجات کی طرف راغِب کرنا ہے۔ (ہوسیع 8:11) میں ان کے جذبات کا اظہار کیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے، "اَے اِفرائیم میں تُجھ سے کیونکر دست بردار ہو جاؤُں؟ اَے اِسرائیل میں تُجھے کیونکر ترک کرُوں؟ میں کیونکر تُجھے ادمہ کی مانِند کرُوں اور ضِبوئیم کی مانِند بناؤُں؟ میرا دِل مُجھ میں پیچ کھاتا ہے۔ میری شفقت موجزن ہے"

## 7۔ یسُوع کا جسم کس طرح کا ہے؟

**جواب:** وہ جسم اور ہڈیوں کا گوشت کا ہے۔ زِندہ ہونے کے بعد یسُوع اپنے شاگردوں پر ظاہر ہوا (لوقا 24:36-43) اور یہ ظاہر کیا کہ اُس کا جسم گوشت اور ہڈیاں کا ہے۔ شاگردوں کی یقین دہانی کے لیے اُن کے سامنے اور کچھ مچھلی اور شہد کھا کر دکھایا۔ "پِھر وہ اُنہیں بَیت عَنِیّاہ کے سامنے تک باہر لے گیا اور اپنے ہاتھ اُٹھا کر اُنہیں برکت دی۔

یسوع چڑھتا ہے۔

"جب وہ اُنہیں برکت دے رہا تھا تو اَیسا ہُؤا کہ اُن سے جُدا ہو گیا اور آسمان پر اُٹھایا گیا" (لوقا 24:50، 51)۔ جیسے ہی یسُوع شاگردوں کے رُوبرو آسمان پر اُٹھایا گیا تو دو فرشتے شاگردوں کے پاس آ کھڑے ہوئے، اُس کی وضاحت کی۔ "اور کہنے لگے اَے گلِیلی مردو! تُم کیوں کھڑے آسمان کی طرف دیکھتے ہو؟ یِہی یسُوعؔ جو تُمہارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا ہے اِسی طرح پِھر آئے گا جِس طرح تُم نے اُسے آسمان پر جاتے دیکھا ہے" (اعمال 1:11)۔

یہ وہی یسُوع واپس آئے گا۔

واپس آئے گا فرشتے کا زور تھا کہ وہی یسُوع (گوشت اور ہڈیوں کا) دوبارہ آئے گا۔ وہ حقیقی ہو گا، رُوح نہیں۔ بلکہ جی اُٹھے مقدّسین یسُوع جیسے جسم حاصل کریں گے۔ (فلپیوں 3:20، 21؛ 1۔ یوحنا 3:2)۔ مقدّسین کے نئے جسم بھی کبھی نہ مرنے والے اور غیر فانی ہوں گے۔ (1۔ کرنتھیوں 15:51-55)۔

**یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔**

# یہ اسٹڈی گائیڈ 14 کی سیریز [سلسلہ] میں سے صرف ایک ہے!

ہر سبق حیرت انگیز حقائق سے بھرا ہوا ہے جو آپ کو اور آپ کے خاندان کو بدل دے گا اور آپ کو دیرپا اُمید لائے گا۔ کسی ایک کو بھی نظر انداز مت کریں!



کیا کوئی چیز باقی ہے جس پر آپ بھروسہ کر سکتے ہیں؟



کیا خدا نے شیطان کو پیدا کیا؟



یقینی موت سے بچاؤ



بے مثال آسمانی شہر



خوشحال ازدواجی زِندگی کے رَموز



نوشتہِ سنگ



تاریخ کا گمشدہ دن



حتمی نجات یسُوع مسیح کی واپسی



پاکیزگی اور طاقت



کیا مُردے واقعی مرے ہوئے ہیں؟



کیا جہنم کا داروغہ شیطان ہے؟



امن کے ہزار سال



الٰہی مفت منصوبہ برائے صحت



کیا فرمابرداری قانون پرستی ہے؟

جب آپ پہلی 14 اسٹڈی گائیڈز مکمل کر لیں، تو لکھ کر ہمارے اگلے جدید سیٹ کے بارے میں پوچھیں:

**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 12 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

---

**1۔ مکاشفہ باب 20 کے ایک 1000 سالہ دَور کے آغاز میں ہونے والے واقعات پر نشان لگائیں: مکاشفہ باب 20: (10)**

- ☐ یسوع کی دوسری آمد
- ☐ زلزلہ اور اولے
- ☐ راست بازوں کا زندہ کیا جانا
- ☐ شیطان کا قید میں پڑنا
- ☐ زندہ بدکار مرتے ہیں
- ☐ راستبازوں کو ابدیت دی جاتی ہے
- ☐ مقدّس شہر نیچے اُترتا ہے
- ☐ راست باز آسمان پر اُٹھائے جائیں گے۔
- ☐ ناراست لوگ قبروں میں مردہ پڑے رہیں گے۔
- ☐ راست بازوں کو یسُوع کی مانند جلالی جسم دیے جائیں گے۔
- ☐ راست باز بادلوں میں اٹھائے جائیں گے۔
- ☐ کچھ نجات یافتہ زمین پر چھوڑ دیے جائیں گے۔

**2۔ زمین کا ہر زندہ انسان یسُوع کی دوسری آمد کا دیدار کرے گا۔ (1)**

- ☐ صحیح
- ☐ غلط

**3۔ نیک لوگوں کے پاس آسمان میں رُوحوں کی طرح کے جسم ہوں گے۔ (1)**

- ☐ صحیح
- ☐ غلط

**4۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا امر ایک ہزار سال کی مدت کے بارے میں درست ہے؟ (2)**

- ☐ بہت سے گنہگار تبدیل ہو جائیں گے۔
- ☐ شیطان اور اُس کے فرشتے زمین پر رہنے کے لئے مجبور کیے جائیں گے۔
- ☐ شیطان اُس بات کا پابند ہو گا کہ اُس کو دیکھنے کے لئے کوئی ٹیلی ویژن نہیں ہو گا۔
- ☐ ایک ہزار سالوں کے دوران زمین پر روشنی اور دھوپ ہو گی۔
- ☐ شیطان اُن کے ساتھ رہنے کے لئے بدکار مردوں کو زندہ کرے گا۔
- ☐ راستباز آسمان میں ہوں گے، اور عدالت میں شریک ہوں گے۔

**5۔ ایک 1000 سالہ مدت کے اختتام پر ہونے والے واقعات کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا صحیح ہے؟ (4)**

- ☐ مسیح پانچویں بار تشریف لئے گا۔
- ☐ مقدّس شہر واشنگٹن، ڈی سی، علاقے میں اترے گا۔
- ☐ اچھے فرشتے، خُدا باپ، اور مقدّسین یسُوع کے ساتھ آئیں گے۔
- ☐ بدکار جی اٹھیں گے۔
- ☐ یسوع اپنے مقدسین کے ساتھ تشریف لائے گا۔
- ☐ خدا فیصلہ کرے گا کہ آخر کار بدکاروں کو نہ اٹھایا جائے۔
- ☐ شریر ناراض شیطانی فرشتوں کے ذریعہ تباہ ہو جائیں گے۔
- ☐ خُدا نئے آسمان اور ایک نئی زمین کو پیدا کرے گا۔
- ☐ خُدا شیطان کو کائنات کے بیرونی حصّوں میں دھکیل دے گا۔
- ☐ شیطان ایک طاقتور نئے میزائل سے مقدّس شہر کا صفایا کرے گا۔

**6۔ وہ زنجیر جو شیطان کو باندھ دیتی ہے (3)**

- ☐ علامتی ہو گی —— حالات کی ایک زنجیر ہے
- ☐ اسے زمین پر رہنے پر مجبور کرتے ہیں
- ☐ ایک نئی، بہت سخت دھات سے بنا ہوا
- ☐ 24 گھنٹوں کے دوران شیطان کے ذریعہ ٹوٹ جائے گا۔
- ☐ اُسے خُدا کے لوگوں کو آزمانے سے باز رکھیں، جو جنت میں محفوظ رہیں گے۔

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

7۔ اتھاہ گڑھے کے لئے کون سے بیانات دُرست ہیں؟ (2)

- ☐ یہ زمین کے اندر گہرا ایک وسیع سوراخ ہے۔
- ☐ اِس کا مطلب ہے "اتھاہ گڑھا/ جہنم کی کھائی"
- ☐ اِس سے زمین کی جانب اشارہ ہے—— جو تاریک، غیر آباد، ویران اور سُنسان ہے۔
- ☐ یہ دوزخ کا دوسرا نام ہے۔

8۔ یسُوع کی پہلی، دوسری اور تیسری آمد کے بارے میں کونسے امور دُرست ہیں؟ (3)

- ☐ پہلی آمد بیت الحم میں ایک بچے کی صورت میں ہوئی تھی۔
- ☐ پہلی آمد نوح کے دِنوں میں ہوئی تھی۔
- ☐ دوسری آمد مارٹن لوتھر کے زمانہ میں ہوئی تھی۔
- ☐ دوسری آمد 1000 ہزار سالہ دور کے آغاز میں ہو گی۔
- ☐ تیسری آمد 1000 ہزار سال کے اختتام پر ہو گی۔
- ☐ تیسری آمد نئی زمین کے تخلیق ہونے کے بعد ہو گی۔

9۔ آگ کی جھیل میں بدکاروں کی موت دوسری موت ہے۔ (1)

- ☐ سچ ہے
- ☐ غلط

10۔ میں یقینی طور پر اس شاندار اور عمدہ گھر میں رہنے کا ارادہ کر رہا ہوں جسے یسُوع جنت میں میرے لیے تیار کر رہا ہے۔ (1)

- ☐ سچ ہے
- ☐ غلط

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

**اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔**

**اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔**

آپ کا نام:

آپ کا ای میل:

فون نمبر:

آپ کا پتہ:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | مُلک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔



www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480